21 فروری 2013ء

مالی سال 13ء کے پہلے سات ماہ کے دوران
جاری کردہ زرعی قرضے 13 فیصد بڑھ کر 169.42 ارب روپے تک پہنچ گئے

رواں مالی سال (13-2012ء) کے پہلے سات ماہ (جولائی تا جنوری 2103ء) کے دوران بینکوں کی جانب سے جاری کردہ زرعی قرضوں میں 13.21 فیصد کا سال بسال اضافہ ہوا اور وہ بڑھ کر 169.42 ارب روپے تک جا پہنچے۔ مطلق (absolute) لحاظ سے جولائی تا جنوری 2013ء میں زرعی شعبے کو جاری کردہ قرضوں میں 19.77 ارب روپے کا اضافہ ہوا جبکہ پچھلے مالی سال کی اسی مدت میں مجموعی طور پر 149.65 ارب روپے کے قرضے جاری کیے گئے تھے۔

جولائی تا جنوری 2013ء میں پانچ بڑے کمرشل بینکوں بشمول الائیڈ بینک لمیٹڈ، حبیب بینک لمیٹڈ، ایم سی بی بینک لمیٹڈ، نیشنل بینک آف پاکستان اور یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ نے مجموعی طور پر 89.65 ارب روپے کے قرضے جاری کیے جبکہ جولائی تا جنوری 2012ء میں 82.46 ارب روپے کے قرضوں کا اجرا ہوا تھا، اس طرح 7.19 ارب روپے یا 8.72 فیصد کا اضافہ ہوا۔

جولائی تا جنوری 2013ء کے دوران سب سے بڑے اسپیشلائزڈ بینک زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (ZTBL) نے مجموعی طور پر 26.22 ارب روپے کے قرضے جاری کیے جبکہ گذشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 26.36 ارب روپے کے قرضے جاری کیے گئے تھے۔ پنجاب پراونشل کوآپریٹو بینک لمیٹڈ (PPCBL) نے جولائی تا جنوری 2013ء کے دوران 4.65 ارب روپے کے قرضے جاری کیے جبکہ گذشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 4.98 ارب روپے کے قرضے جاری کیے گئے تھے۔

جولائی تا جنوری 2013ء کے دوران 14 ملکی نجی بینکوں نے بھی مجموعی طور پر 38.81 ارب روپے کے قرضے جاری کیے جو گذشتہ مالی سال کی اسی مدت میں جاری کردہ 28.99 ارب روپے کے قرضوں کے مقابلے میں 33.85 فیصد زیادہ ہیں۔

پانچ مائیکروفنانس بینکوں بشمول خوشحالی بینک لمیٹڈ، این آر ایس پی مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ، دی فرسٹ مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ، پاک عمان مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ، اور تعمیر مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ نے جولائی تا جنوری 2013ء کے دوران 10.06 ارب روپے کے زرعی قرضے جاری کیے، جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران 6.85 ارب روپے کے زرعی قرضے جاری کیے گئے تھے۔

واضح رہے کہ اسٹیٹ بینک نے بینکوں کے لیے رواں مالی سال میں زرعی قرضوں کے اجرا کا علامتی ہدف 315 ارب روپے مقرر کیا ہے۔

☆☆☆